مشکلات کا حل
چہار قُل سے

مشکلات کا حل
چہار قُل سے

سُورَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ کافرون مکی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① لَآ اَعْبُدُ مَا

آپ کہہ دیجئے کہ اے کافرو! نہ میں تمہارے معبودوں کی

تَعْبُدُوْنَ ② وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ

پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی پرستش

اَعْبُدُ ③ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ④

کرتے ہو اور نہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ⑤

اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ⑥

تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ اَرْبَعُ اٰیَاتٍ

سورۃ اخلاص مکی ہے اور اس میں چار آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ ① اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ ② لَمْ یَلِدْ ۙ

کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے (وہ) معبود برحق جو بے نیاز ہے نہ کسی کا باپ ہے

وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ ③ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ④

اور نہ کسی کا بیٹا اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سُورۃ فلق مکّی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ مِنْ شَرِّ

کہو کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں ہر چیز کی برائی سے جو

مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾

اس نے پیدا کی اور شبِ تاریک کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِنْ

اور گنڈوں پر (پڑھ پڑھ کر) پھونکنے والیوں کی برائی سے اور حسد کرنے

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾

والے کی برائی سے جب حسد کرنے لگے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۂ ناس مکّی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① مَلِكِ النَّاسِ ②

کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں۔ یعنی لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی

اِلٰهِ النَّاسِ ③ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵

لوگوں کے معبود برحق کی۔ (شیطان) وسوسہ انداز کی بُرائی سے جو (خدا کا نام سُن کر)

الْخَنَّاسِ ④ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا

النَّاسِ ⑤ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ⑥

ہے (خواہ وہ) جنّات سے (ہو) یا انسانوں میں سے،

فضائل شریف

چہار قل قرآن پاک کے کلام کا حصہ ہیں اور یہ ہر ایک شخص کو باور کر لینا چاہیئے کہ قرآن پاک کے ایک ایک لفظ کی تشریح اور تفسیر کرنا اور اس کی برکات و فضائل کا تذکرہ کرنا یا اس کا احاطہ کرنا کسی بھی نفس کے اختیار کی بات نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو محدود علم دیا ہے لہٰذا چہار قل کے فضائل کا احاطہ کرنا تو مجھ جیسے کم علم اور ناقص العقل انسان کے بس میں نہیں۔ البتہ چند اہم فضائل قارئین کی نذر کئے جاتے ہیں تا کہ ان کو رہنمائی حاصل ہو اور وہ ان کو اپنے تصرف میں لا کر فیضِ روحانی حاصل کریں۔

سکرات اور پُل صراط میں سہولت:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''جس شخص نے مغرب کی نماز کے بعد بیس رکعتیں پڑھیں اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی تو اس کے گھر والے، بیوی بچے، مال و اسباب، ہمسائے ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔ سکرات

موت میں سہولت ہو گی۔ قیامت کے روز گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا اور پُل صراط سے برق کی طرح گزر کر صدیقین کی جماعت کے ساتھ جنت میں داخل ہو گا۔"

بارہ برس کی عبادت:

سورۃ اخلاص کی فضیلت کے ضمن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

"جو شخص نمازِ مغرب کے بعد اوّابین پڑھے گا اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے گا تو اس طرح چھ رکعتیں بارہ برس کی عبادت کے برابر شمار کی جائیں گی۔ (سبحان اللہ العظیم)

موت کے علاوہ ہر ایک چیز سے محفوظ:

حضرت علامہ سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "اتفاق" میں ایک حدیث مبارکہ نقل فرمائی ہے کہ:

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تُو سونے کا ارادہ کرے تو سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھا کر۔ تُو سوائے موت کے ہر ایک چیز کے شر سے محفوظ رہے گا۔"

اس شخص کو صرف موت ہی آ سکتی ہے۔ باقی دنیا کی کوئی چیز اس کو

سوتے میں نقصان نہیں پہنچائے گی، اس کے قریب تک نہیں آئے گی۔ یہ کس قدر اللہ تعالیٰ کی کرم فرمائیاں اور نوازشات ہیں۔ مگر افسوس کہ انسان ان سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو توفیق کامل نصیب فرمائے۔ (آمین)

پورے قرآن پاک کی تلاوت کا ثواب:

سورۃ الناس کی فضیلت کے ضمن میں حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

"جو کوئی شخص بھی اس سورہ کو پڑھے گا تو گویا اس نے تمام قرآن پاک کو پڑھا۔"

سونے اور چاندی کا جنت میں محل:

ایک روایت میں آتا ہے کہ جو کوئی سورہ اخلاص پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرے گا تو اللہ عزوجل ملائکہ کو حکم دے گا کہ وہ اس کے لئے جنت میں محل تعمیر کریں جو کہ سونے اور چاندی کی اینٹوں کا ہوگا۔

اگر پڑھنے والا سورہ اخلاص پڑھنے سے رک جائے گا تو فرشتے بھی محل تعمیر کرنے سے رک جائیں گے اور دوسرے فرشتے ان سے دریافت کریں گے کہ کس لئے رک گئے ہو؟ تو وہ جواب دیں گے کہ:

''صاحب عمارت نے ہمارا نفقہ روک دیا ہے اس لئے
ہم نے بھی عمارت کو روک رکھا ہے۔''

اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں سے ہر انسان کو فائدہ اٹھانا چاہئے تا کہ اس کی دنیا اور آخرت میں فلاح ہو اور اللہ تعالیٰ کے غضب سے محفوظ رہ سکے۔

ایک تہائی قرآن کا ثواب:

سورہ اخلاص کی فضیلت کا ذکر کرتے ہوئے ایک حدیث مبارکہ میں یوں آیا ہے کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرورِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''تم میں سے کوئی شخص رات کے وقت تہائی قرآن نہیں
پڑھ سکتا؟''

تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ:

''یا رسول اللہ ﷺ! تہائی قرآن رات کے وقت کون
پڑھ سکتا ہے؟''

تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

قُل ھُو اللّٰه اَحَدٌ ○ (پوری سورہ اخلاص) پڑھا
کرو۔ کیونکہ پوری سورہ اخلاص تہائی قرآن کے
برابر ہے۔'' (مسلم شریف۔ بخاری شریف)

اللہ تعالیٰ ایک برس کی عبادت کا ثواب دے گا:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''جو کوئی ہفتہ کے دن چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ کافرون پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک بار آیت الکرسی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ایک برس کی عبادت لکھتا ہے۔'' (فضائل اعمال)

فقر و فاقہ دور کرنے والا کلام:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اس نے اپنے فقر و فاقہ کی شکایت کی تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''گھر میں داخل ہوتے وقت اپنے بچوں کو سلام کیا کرو اور اگر بیوی بچے نہ ہوں تو اپنے اوپر سلام کیا کرو۔ اور میرے حضور (نبی کریم ﷺ) کے اوپر سلام بھیج کر سورہ اخلاص پڑھا کرو۔''

سورۃ الناس کی فضیلت کے ضمن میں حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد

فرمایا کہ:

''جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گا تو گویا اس نے پورا قرآن پڑھا۔''

دینی اور دنیاوی امور میں ترقی کا باعث:

حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''جو کوئی دینی و دینوی امور میں ترقی و بلند مرتبہ کا خواہاں ہو اور وہ روزانہ نمازِ عشاء کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورہ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰه پڑھے پھر بِسْمِ اللّٰه پڑھے اس کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰه الصَّمَدُ ○ پھر ایک ہزار مرتبہ اللّٰه الصَّمَدُ○ پڑھے۔ پھر لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ پڑھے اور اس کے بعد نہایت عجز و انکساری اور خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی اور اس کو اللہ تعالیٰ دنیاوی اور دینوی امور میں ترقی و خوشحالی عطا فرمائے گا۔''

گناہ معاف کرانے والی سورۃ:

ایک حدیث میں آتا ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی کریم ﷺ سے

عرض کیا کہ:

''یارسول اللہ ﷺ! میں بڑا گناہگار ہوں۔ مجھے کوئی ایسا عمل ارشاد فرمایئے کہ جس سے میرے گناہ معاف ہو جائیں اور مجھے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو جائے۔تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''تم کثرت سے سورہ اخلاص پڑھا کرو۔''

آندھی روکنے والی سورتیں:

جب کبھی آندھی چلے، خواہ وہ کیسی ہی حالت میں ہو تو اس وقت خلوصِ دل اور صدقِ نیت سے سورہ فلق اور سورہ الناس پڑھی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے نقصانات سے محفوظ رہو گے۔ (ابوداؤد)

ذکرِ الٰہی کا حکم:

سورہ احزاب میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ:

''اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کا خوب کثرت سے ذکر کیا کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔''

(سورۃ احزاب رکوع ۶)

ذکر اور شکر:

سورۃ البقرہ میں ارشاد ہے کہ:

''پس تم میرا ذکر کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا۔ اور میرا شکر ادا کرتے رہو اور ناشکری نہ کرو۔''

(سورۃ البقرہ رکوع (۱۸)

چہار قُل شریف سے انسانی مشکلات کا حل

چہار قُل شریف سے انسانی مشکلات کے حل کی تفصیل کا مکمل تذکرہ تو کسی بھی انسان کے اختیار میں نہیں ہے۔ ان کی فضیلت اور فوائد تو صرف خدا تعالیٰ کی ذات بہتر جانتی ہے۔ بہر حال قارئین کی رہنمائی اور فیض یابی کے لئے چند اہم مشکلات کے حل پر روشنی ڈالی جائے گی۔

رزق میں اضافہ کرنے کا روحانی عمل:

اگر کوئی شخص اپنے حالاتِ معاش کی وجہ سے بڑا ہی تنگ دست اور قلاش ہو، اس کو رزق کی کمی کی شکایت ہو اور وہ نیک نیتی سے محنت کرتا ہو، ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہ بیٹھا ہو مگر اس کی پریشانیوں میں آئے دن اضافہ ہوتا جا رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل شروع کرے۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں اضافہ فرمائے گا اور اس کی مفلسی اور غربت مالداری میں بدل جائے گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس شخص کو چاہئے کہ:

- ...آیت الکرسی ایک (۱) بار
- ...پھر آیت کریمہ ایک (۱) بار

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهِ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرِجًا وَّ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ط اِنَّ اللّٰه بَالِغ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط

پھر ذیل کی سورتیں پڑھے۔ مگر یک سوئی اور توجہ سے۔

سورہ فاتحہ ایک (۱) بار۔ سورہ اخلاص تین (۳) بار۔

پڑھے اور درود شریف تنجینا پڑھے۔ پھر بیت اللہ کی طرف منہ کر کے پھونک مارے اس وجہ سے حق تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرمائے گا اور اسی وقت داخل جنت فرمائے گا اور زندگی میں اس کی روزی فراخ ہو گی۔ سکرات موت میں آسانی اور قبر میں بھی کشادگی اور راحت ہو گی۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم ایمان پر خاتمہ ہو گا۔

اُم الصبیان کا روحانی عمل:

جو کوئی شخص ام الصبیان میں مبتلا ہو اور عام علاج سے اسے آرام نہ آ رہا ہو تو اس کو پریشان ہونے کی بجائے ذیل کا عمل شروع کرنا چاہئے جس کی برکت سے اس کا یہ مرض دور ہو جائے گا اور اس کو شفائے کاملہ

حاصل ہوگی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے دُھلے ہوئے تلوں کا تیل لے کر اس پر آیات سورہ ہائے ذیل پڑھ کر دم کرلیں۔ مریض کا سر منڈوا دیں اور روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل سر سے پاؤں تک اور نیچے تک پورے جسم پر ایسے ملیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ ایک گھنٹہ بعد مریض کو صابن سے اور گرم پانی سے نہلا دیں۔ یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ جاری رکھا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے مکمل طور پر نجات مل جائے گی۔ ذیل کا عمل خلوصِ نیت اور صدقِ دل سے کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات (۷) مرتبہ۔ سورہ فاتحہ شریف سات (۷) مرتبہ۔ آیت الکرسی سات (۷) مرتبہ۔

سورۃ الصافات وَ الصّٰفّٰتِ سے لازب تک سات (۷) بار۔ سورہ جن قُل اُوحِیَ اِلَیَّ سے شَطَطًا تک سات (۷) بار۔ چاروں قُل تین تین مرتبہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ام الصبیان سے مکمل طور پر نجات ہو جائے گی اور دوبارہ بھی حملہ نہیں ہوگا۔

سفر بخیر و عافیت پورا ہو:

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کا سفر بخیر و عافیت گزرے۔ اس کو راستے میں کوئی نقصان نہ پہنچے، اس کو جسمانی اور ذہنی پریشانی لاحق نہ ہو، اس کو

راستے میں کوئی حادثہ پیش نہ آئے یعنی کوئی ڈاکو وغیرہ حملہ آور نہ ہوں جس سے اس کو جانی یا جسمانی نقصان یا گزند پہنچے تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ اس کا سفر حسب منشاء ہی طے ہو گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس شخص کو چاہئے کہ وہ گھر سے نکلنے سے پہلے یعنی روانہ ہونے سے قبل سورہ یٰسں کا ورد ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ صفٰت ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ قریش ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ الحمد شریف ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ اخلاص تین (۳) مرتبہ۔ سورہ الکافرون ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ الناس ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ الکوثر سات (۷) مرتبہ۔ پڑھ کر اپنے پورے جسم پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دورانِ سفر ہر قسم کے شر و ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا اور بخیریت واپس گھر آئے گا۔ خواہ سفر کتنا ہی کٹھن اور خطرناک ہو۔

باری کا بخار اور روحانی عمل:

اگر کسی بڑے یا چھوٹے بچے کو باری کا بخار ہوتا ہو اور عام علاج سے آرام نہ آ رہا ہو تو ایسے شخص کے لئے ماں یا باپ با وضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی سورتوں کا ورد کریں تو انشاء اللہ العزیز اس کا بخار

مکمل طور پر اتر جائے گا۔

سورہ رحمٰن تین (۳) بار۔ سورہ الحمد شریف سات (۷) بار۔ سورہ اخلاص سات (۷) بار۔ آیت الکرسی سات (۷) بار۔ سورہ قصص تین (۳) بار۔ اول و آخر درود شریف گیارہ، گیارہ (۱۱،۱۱) بار۔

پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کو چوبیس گھنٹوں میں تھوڑے تھوڑے وقفے سے گھونٹ گھونٹ کر کے پلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز باری کا بخار ہمیشہ کے لئے اتر جائے گا اور تا زندگی دوبارہ نہیں ہو گا اور صحت و زندگی حاصل رہے گی۔

نظرِ بد کا روحانی علاج:

اگر کسی آدمی، عورت، بچے یا کسی جانور کو نظر بد لگ جائے اور وہ انتہائی ضدی ہو گیا ہو اور سوتے میں ڈرتا بھی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل انتہائی نافع اور مجرب ہے۔ انشاء اللہ العزیز اس عمل سے نظر بد ختم ہو جائے گی اور سکون حاصل ہو گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے سب سے پہلے چاہئے کہ سورہ فلق اور سورہ الناس تین تین مرتبہ مع درود شریف شفاء اول و آخر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر مندرجہ ذیل نقش بنا کر

اس مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنائیں۔ نقش قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو خوشبو سے معطر بھی کریں۔

نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰمَعْشَرَ الجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنْ اسْتَطَعْتُمْ اِنْ تَنفُذُوْا منْ اَقْطَار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرضِ فَانفُذُوْ لَا تَنْفُذُوْنَاِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○

اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَ عيْنَ لَامة

ہر بلا سے محفوظ رہنے کا روحانی عمل:

جو شخص یہ چاہے کہ وہ ہر قسم کی مصیبت یا بلا سے محفوظ رہے تو اس کو چاہیئے کہ وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی یہ خواہش پوری ہو جائے گی۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہیئے کہ وہ شخص روزانہ صبح کو نہار منہ پانی پر سورہ فاتحہ سات (۷) بار۔ آیت الکرسی سات (۷) بار۔

معوذ تین سات (۷) بار پڑھ کر پی لیا کرے۔ وہ سارا دن ہر قسم کی بلا و آفات سے محفوظ رہے گا۔

سانپوں سے حفاظت کا عمل:

جس گھر میں سانپ ہوں اور ہر وقت ان سے خطرہ لاحق رہتا ہو کہ وہ کہیں نقصان نہ پہنچا دیں تو اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل کیا جائے۔

طریقہ عمل:

ایسے گھر کو سانپوں سے پاک کرتے کے لئے دریا سے مصفا ریت لے کر اس پر با وضو حالت میں سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات (۷) مرتبہ۔ آیت الکرسی تین (۳) مرتبہ۔ سورہ الکافرون ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ اخلاص ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ فلق ایک (۱) مرتبہ۔ سورہ الناس ایک (۱) مرتبہ۔ سَلامٌ عَلٰی نوحٍ فِی العَالَمِینَO سات (۷) بار۔ پڑھ کر دم کریں۔

اس طریقہ سے سات مرتبہ یہی عمل پڑھ کر دم کریں اور اس ریت کو گھر کے تین کونوں میں ڈال دیں۔ چوتھا کونا سانپوں کے فرار ہونے کے لئے چھوڑ دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم سانپ اس راہ سے بھاگ جائیں گے اور پھر

کبھی بھی اس گھر میں داخل نہ ہوں گے۔

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کا عمل:

اگر کوئی شخص یا طالب علم اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ امتحان میں کامیابی سے ہم کنار ہو اور کامیابی اس کا حق بھی ہو۔ ناجائز نہ ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس طالب علم کو چاہئے کہ وہ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور تین سو (۳۰۰) مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھ کر خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔ یہ عمل امتحان کا نتیجہ نکلنے تک جاری رکھے۔ کلمات یہ ہیں:

''المَلک القدوس، المَلک القدوس، المَلک القدوس''

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے وہ طالب علم ضرور کامیاب ہوگا۔

اولاد کو فرمانبردار بنانے کے لئے عمل:

اگر کسی شخص کی اولاد گستاخ اور نافرمان ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا

عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد فرمانبردار بن جائے گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ ماں یا باپ رات کو جب بچہ یا بڑا گہری نیند سو جائے تو سرہانے کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک مرتبہ ذیل کی عبارت پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

بَلْ ھُوَ قُراٰن مجید فِی لوحٍ محفُوظ ○

ماں یا باپ اتنی آواز سے پڑھیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ اس عمل کی مدت گیارہ روز اور زیادہ سے زیادہ اکیس روز تک ہو گی۔ اس میں ناغہ نہ کیا جائے اور پختہ یقین کے ساتھ عمل کیا جائے۔

بخار اور خسرہ کے علاج کے لئے عمل:

اگر کسی شخص کو بخار یا خسرہ کا مرض لاحق ہو اور اس کو عام دواؤں سے آرام نہ آرہا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار اور خسرہ کا مرض دور ہو جائے گا اور کامل شفا حاصل ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ زرد ریت پانی میں

گھول کر روشنائی بنالیں اور ذیل کی عبارت کو پلیٹ میں لکھ کر استعمال کریں۔ استعمال سے پہلے تین مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر دم کریں۔ یہ پانی ہر چار گھنٹے کے بعد بڑوں کو ایک چمچ اور بچوں کو چھوٹا چمچ پلائیں۔ اگلے دن پھر نئی پلیٹ لکھ کر اسی طرح عمل کریں۔ تیسرے دن بھی یہی عمل دہرائیں۔ دوا اور غذا تین دن تک ممنوع ہے۔

عبارت یہ ہے۔

یَا حَفِیْظ ۔یَا حَفِیْظ ۔یَا حَفِیْظ

یَا شَافِی ۔یَا شَافِی ۔یَا شَافِی

انشاء اللہ تعالیٰ اس روحانی عمل کی برکت سے بخار اور خسرہ کا مرض دور ہو جائے گا اور صحت و زندگی حاصل ہو گی۔

نمونیہ کے علاج کے لئے عمل:

اگر کسی شخص کو یا چھوٹے بچے کو نمونیہ کا مرض لاحق ہو اور اس کو آرام نہ آ رہا ہو تو ایسی حالت میں چاہئے کہ ذیل کا روحانی عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نمونیہ کا مرض دور ہو جائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ چینی کی طشتری پر

زعفران اور پانی سے ذیل کی عبارت لکھ کر اور ایک مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر دم کریں اور ایک دو گھونٹ دودھ سے دھو کر تین وقت پلائیں۔ احتیاطاً دو تین روز تک پلاتے رہیں تا کہ نمونیہ کا اثر پوری طرح ختم ہو جائے۔ عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم
يَا حَفِيْظ ، يَا حَفِيْظ ، يَا حَفِيْظ
يَا فتاح المهيمن العزيز ۔ يَا شافی يَا شافی
الحیی القیوم

کالی کھانسی کا علاج:

اگر کسی شخص (مرد یا عورت یا بچے) کو کالی کھانسی کا مرض لاحق ہو اور آرام نہ آ رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کالی کھانسی جلد ہی دور ہو جائے گی۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ وہ ذیل کی عبارت چینی کی طشتری پر زردہ رنگ سے لکھ کر ایک مرتبہ سورہ الناس پڑھ کر دم کریں اور صبح و شام گیارہ روز تک پانی سے دھو کر پلائیں۔ عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم
يَا حَفِيْظ ، يَا حَفِيْظ ، يَا حَفِيْظ
قص ، قص ، قص
مانعات الماء

احتلام کے علاج کے لئے روحانی عمل:

اگر کسی نوجوان کو احتلام کے مرض کی شکایت ہو اور عام دواؤں سے اس کو آرام نہ آ رہا ہو اور اس کی وجہ سے اس کو بہت پریشانی کا سامنا ہو تو وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اکیس دن کے اندر اندر مکمل طور پر احتلام سے شفائے کامل حاصل ہو گی اور دوبارہ بھی کبھی ایسی شکایت نہ ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ سونے سے قبل بستر پر چت لیٹ کر ذیل کی عبارت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں اور ایک مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک ماریں۔ یہ عمل اکیس روز تک جاری رہنا چاہئے۔ گرم اور کھٹی اشیاء سے مکمل پرہیز رکھیں۔ عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم
يَا حَفِيْظ، يَا حَفِيْظ، يَا حَفِيْظ
يَا وَدُود، يَا وَدُود، يَا وَدُود

يَا بَدِيْع، يَا بَدِيْع، يَا بَدِيْع، يَا بَدِيْع،
العجائب بالخير ، يَا بَدِيْع، يَا رَحِيْم، يَا رَحِيْم، يَا رَحِيْم،

بادی بواسیر کے علاج کے لئے عمل:

اگر کسی شخص کو بادی بواسیر کا مرض لاحق ہو اور عام ادویات سے آرام نہ آ رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بواسیر کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا اور شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ باتھ روم جانے سے قبل سورہ اخلاص پڑھیں اور رفع حاجت کے بعد طہارت اس طرح کی جائے کہ بائیں ہاتھ کی انگلی بواسیر کے مقام سے رگڑ کھاتی رہے اور طہارت کے وقت زبان سے ''فعلن، فعلن، فعلن'' پڑھتے رہیں تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر بادی بواسیر سے شفائے کامل نصیب ہو گی۔

جائز مقصد کی کامیابی کے لئے روحانی عمل:

اگر کسی شخص کی کوئی ایسی جائز حاجت ہو جو پوری نہ ہو رہی ہو تو وہ یہ

عمل کرے۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر تین مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے اور اس کے بعد تین بار سورہ فاتحہ پڑھے۔ پھر تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ سورہ فلق پڑھے۔ پھر تین بار درود پاک پڑھے۔ درود پاک پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کا تصور دل میں رکھے۔ درود پاک پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ آمین کہے۔ پھر اپنے مقصد کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جائز حاجت پوری ہوگی۔

شادی کے لئے روحانی عمل:

اگر کسی کے بچوں (لڑکے یا لڑکی) کی شادی نہ ہو رہی ہو، رشتہ آتا بھی ہو تو لوٹ جاتا ہو مگر کوئی بات طے نہ ہوتی ہو تو چاہئے کہ ذیل کا عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ سوموار کے دن چار رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس

مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ دوسری رکعت میں بیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی جائے۔ تیسری رکعت میں تیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی جائے۔ چوتھی رکعت میں چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی جائے۔ پھر جب نماز مکمل ہو جائے اور سلام پھیر دے تو نہایت توجہ اور انکساری کے ساتھ ستر (۷۰) مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور پچھتّر (۷۵) مرتبہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ پڑھے۔ اس کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے لئے دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی مرتبہ کے عمل سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اور جلد ہی حسب منشاء جگہ پر رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی بھی ہو جائے گی۔

اگر ایک مرتبہ کے عمل سے کامیابی نہ ہو تو پھر اگلی سوموار کو اسی طرح عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہو گی۔

حمل کو گرنے سے روکنے کا عمل:

گر کسی خاتون کو حمل ہوتا ہو اور چند دنوں کے بعد گر جاتا ہو جس سے اس کو پریشانی لاحق ہوتی ہو اور اولاد کی تمنا مزید پریشان کرتی ہو تو ایسی حالت میں اس کو چاہیئے کہ وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل قائم رہے گا اور وہ صاحبِ اولاد ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس عورت کو چاہیئے کہ جب اس

کو حمل قرار پائے تو وہ باوضو حالت میں کسم کے رنگے ہوئے دھاگے کے گیارہ تار لے کر سر سے پاؤں تک ناپ لے۔ پھر سورہ کافرون اور آیت مبارکہ ''اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَ الْفَتْحُ قَرِیْب'' ہر بار پڑھنے کے بعد ایک گرہ لگائے اور یہ دھاگہ اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے دوران جملہ تکالیف سے محفوظ رہے گی۔ اس کا حمل بھی قائم رہے گا اور پروردگارِ عالم اولاد کی نعمت سے بھی نوازے گا جو کہ دراز عمر ہوگی۔

جادو سے بچاؤ کے لئے عمل:

اگر کوئی شخص جادو سے بچنا چاہتا ہو تو وہ یہ عمل کرے۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورہ الناس پڑھے اور کوشش کرے کہ وہ باوضو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شیطانی وار سے محفوظ رہے گا۔ اللہ پاک اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

ظالم زمیندار کے ظلم سے بچاؤ کا عمل:

اگر کوئی زمیندار اس قدر ظالم ہو کہ وہ بد زبانی بھی کرتا ہو اور ناجائز

تنگ بھی اور با اثر زمیندار سے زمین کے چھن جانے کا خطرہ لاحق ہو تو ذیل کا عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہیئے کہ مناسب سائز کے پانچ پتھر لیں۔ پھر ان پر سورہ فاتحہ سات (۷) بار، سورہ اخلاص تین (۳) بار، سورہ الفلق ایک (۱) بار، سورہ الناس ایک (۱) بار، سورہ مُلک ایک (۱) بار، آیت الکرسی دس (۱۰) بار، درود شریف ابراہیمی دس (۱۰) بار پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد چار پتھروں کو باغ یا زمین کے چاروں کونوں میں اور ایک پتھر زمین یا باغ کے وسط میں دفن کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ظالم زمیندار کے ہاتھوں اس کی زمین، یا باغ چھن جانے سے ہمیشہ کے لئے بچ جائے گا اور وہ اس کے ظلم سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

بچے کا مسان اور سوکھا پن:

اگر کسی بچے کو مسان کا مرض لاحق ہو اور وہ دن بدن سوکھ کر کانٹا ہوتا جا رہا ہو اور کوئی علاج کارگر ثابت نہ ہو رہا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل شروع کرنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ آدھ سیر تلوں کا تیل یا کلونجی کا تیل لے کر اس پر باوضو حالت میں ذیل کے کلمات پڑھ کر دم کریں۔ بچے کا سر منڈوا کر روزانہ اس پر دم کیا ہوا تیل سر سے پاؤں تک پورے جسم پر ملیں۔ خیال رہے کہ جسم کا کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ اس تیل کو سارا دن ملا رہنے دیں اور شام کو نیم گرم پانی سے نہلا دیں۔ یہ عمل چالیس دن تک مسلسل کرنے سے بچے کا مسان اور سوکھا پن ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔ کلماتِ عمل یہ ہیں:

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف تین (۳) مرتبہ۔ آیت الکرسی تین (۳) مرتبہ۔ بسم اللہ شریف کے ساتھ سورہ الصافات کی آیات والصّٰفّٰت سے صفًّا تک ایک (۱) بار۔ سورہ جن کی آیت قُل اوحی سے شططًا تک ایک (۱) بار۔ سورہ الکافرون ایک (۱) بار۔ سورہ اخلاص تین (۳) بار۔ سورہ الفلق تین (۳) بار۔ سورہ الناس تین (۳) بار۔

وبائی امراض سے بچاؤ کا عمل:

اگر کسی جگہ کوئی وبائی مرض پھوٹ پڑا ہو اور اس کا کوئی تدارک نہ ہو رہا ہو یا اگر اس کے حملہ آور ہونے کا سخت خطرہ ہو تو چاہئے کہ ذیل کا عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سے نجات حاصل ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ ذیل میں دیا ہوا تینوں قُل شریف کا نقش مبارک با وضو حالت میں عرقِ گلاب و زعفران سے لکھ کر جمعہ کے دن اپنے بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض سے مامون ومحفوظ رہیں گے اور پروردگارِ عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ نقشِ مبارک یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۵۴۰	۳۵۳۲	۳۵۴۶	۳۵۳۳
۳۵۴۵	۳۵۴۸	۳۵۲۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۵	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

جوڑوں کے درد کا روحانی عمل:

اگر کسی مرد یا عورت کو جوڑوں کے درد کا عارضہ لاحق ہو تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بڑا ہی مفید اور نافع ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا جوڑوں کا درد دور ہو جائے گا اور اس کو صحت کاملہ حاصل ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ چوٹ کی جگہ کو

مضبوطی سے دائیں ہاتھ سے پکڑیں اور سورہ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف اور سورہ کافرون دس دس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ کو کھینچ کر جھٹک دیں اور مریض سے پوچھیں کہ ''آرام آیا ہے یا کہ نہیں؟'' اگر نہ آیا ہو تو دوبارہ یہی عمل کریں۔ یہ عمل سات ایام تک مسلسل کیا جائے تو پھر دوبارہ جوڑوں میں بفضل الٰہی کبھی درد نہ ہوگا۔

حصولِ انصاف کے لئے عمل:

اگر کوئی شخص جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو اور اسے اس بات کا اندیشہ ہو کہ اس کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا تو اس کو ذیل کا روحانی عمل کرنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو حقِ انصاف ملے گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہیئے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) بار آیت الکرسی اور اکتالیس (۴۱) بار چہار قل معہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی سات سات بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ با عزت بری ہو جائے گا اور دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

حصولِ ملازمت کے لئے روحانی عمل:

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور ملازمت تلاش کر رہا ہو مگر اس کو موقع نہ مل رہا ہو اور وہ پریشان حال ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو اپنے مقصد میں کامیابی ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ سات یوم میں ایک مرتبہ یہ عمل با وضو حالت میں پاک و صاف جگہ پر قبلہ رخ ہو کر کرے۔ سب سے پہلے درود ابراہیمی اکیس بار پڑھے۔ پھر تین ہزار ایک (۳۰۰۱) مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھے۔

یَا کَافِیُ، یَا غَنِیُ، یَا فَتَّاح، یَا رَزَّاق

پھر ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ آیت الکرسی اور سورہ فلق گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد ملازمت حسب منشاء جگہ پر مل جائے گی۔

نوٹ:۔ یہ عمل ہفتہ کے روز کرنا زیادہ بہتر ہو گا۔

ترقی دُکان کے لئے روحانی عمل:

اگر کسی شخص کی دکان پر گاہک نہ آتے ہوں۔ اس کی خریداری نہ

ہوتی ہو اور اس کو افلاس نے گھیر رکھا ہو تو وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں ترقی ہو گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ وہ دکان کو کھولنے سے پہلے یہ پڑھے:
بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ یَا اللّٰہ ۔ یَا رحمٰن ۔ گیارہ بار، سورہ فاتحہ تین بار، سورہ اخلاص تین بار، اور یَا فَتاح یا رَزّاق گیارہ بار پڑھ کر دکان کے اوپر پھونک مارے اور بسم اللہ پڑھ کر دکان کے تالے کھولے اور دکان کا شٹر اٹھائے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ دکان میں گاہکوں کی تیزی ہو جائے گی اور اس کے کاروبار میں ترقی نصیب ہو گی۔

درد شقیقہ کے علاج کے لئے روحانی عمل:

اگر کوئی شخص دردِ شقیقہ میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ذیل کا عمل کیا جائے۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ با وضو حالت

میں سورہ الکافرون اور سورہ فاتحہ دس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ دردِ شقیقہ ختم ہو جائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہو گی۔

چور پکڑنے کا روحانی عمل:

اگر کسی کے گھر میں چوری ہو گئی ہو اور اس کو مختلف لوگوں پر شک ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بڑا ہی مفید اور نافع ہو گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ جن لوگوں پر شک ہو ان کے نام الگ الگ چھوٹی پرچیوں پر سفید کاغذ پر لکھ کر ان کی گولیاں بنا لیں پھر ان پرچیوں کو گندھے ہوئے گیہوں کے آٹے میں رکھ کر اس طرح مکمل گولیاں بنا لیں کہ پرچیاں ان میں نظر نہ آئیں۔ پھر ان گولیوں پر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار، آیت الکرسی تین بار اور چاروں قُل شریف ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس کے بعد کسی بڑے برتن میں پانی لے کر اس پانی میں ان گولیوں کو ڈال دیں۔ باقی سب گولیاں پانی میں ڈوب جائیں گی لیکن چور کی گولی بدستور پانی پر تیرتی رہے گی۔ اس کو پکڑ لیا جائے۔ وہی آپ کا چور ہو گا۔ اس سے مالِ مسروقہ وصول کروا لیں اور خوش رہیں۔

ہر بیماری سے نجات کے لئے عمل:

فرمانِ رسول پاک ﷺ ہے جو شخص ذیل کے مطابق پانی بنا کر ایک گھونٹ بھی پی لے تو قسم ہے اس ذات بابرکات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ وہ شخص ہر بیماری سے مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔ اس کے تمام اعضاء سے بیماری مکمل طور پر غائب ہو جائے گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ بارش کا پانی کسی برتن میں اکٹھا کر لیں اور اس پر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار، سورہ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف، آیت الکرسی، سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ الناس ہر ایک ستر ستر بار اور ستر مرتبہ دعائے ذیل پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو محفوظ کر لیں اور سات ایام تک روزانہ اس میں سے سات گھونٹ پانی بسم اللہ، شافی اللہ شافی پڑھ کر پی لیں۔ انشاء اللہ تمام اقسام کی بیماریاں نکل جائیں گی۔ دعا یہ ہے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَـهٗ لَـهُ الْمُلْکُ
وَلَـهُ الْحَمْدُ يُحْيِی وَ يُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ
لَّا يَمُوْتُ بِـيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی
کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝

چوتھے بخار کے لئے روحانی عمل:

حضرت امام رضا رحمتہ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص آیا۔ آپؒ نے اس کو دیکھ کر پوچھا کہ "تجھے کیا ہوا ہے کہ تیرا رنگ اس قدر پیلا پڑ چکا ہے؟" تو اس نے جواب دیا کہ "مجھے چودھاری بخار لگا ہوا ہے اور یہ تسلسل سے ہو رہا ہے۔" تو آپؒ نے اسی وقت قلم اور دوات منگوا کر درج ذیل تعویذ لکھا اور اس شخص کو دے دیا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ باسم اللّٰہ و باللّٰہ

ابجد ہوز حطی عن فلاں بن فلاں تتہ اللّٰہ

فلاں بن فلاں کی جگہ اس شخص کا نام اور اس کی والدہ ماجدہ کا نام لکھا پھر اس تحریر کے نیچے مہر مسلمان، سات مرتبہ لگائی اور اس تعویذ کو لپیٹ دیا۔ پھر اس شخص سے ایک ایسا لمبا دھاگہ جو اس کے قد کے برابر تھا منگوایا جس پر تھوک اور پانی نہ لگا ہوا تھا۔ اسے اس کے منہ کے قریب لے جا کر ایک طرف چار گرہیں یہ پڑھ کر لگا دیں۔

سورہ فاتحہ شریف ایک مرتبہ۔ سورہ اخلاص شریف ایک مرتبہ۔ سورہ الفلق شریف ایک مرتبہ، سورہ الناس شریف ایک مرتبہ، آیت الکرسی شریف ایک مرتبہ پڑھ کر ہر بار گرہ لگائی۔ پھر اسی طرح دوسری طرف سے بھی تین گرہیں لگائیں اور اس کو معہ تعویذ کے دے دیا اور کہا کہ:

''ان دونوں کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لو اور آیت الکرسی پڑھو۔''
نوٹ:۔ اس عمل میں ایک بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ اس تعویذ اور دھاگے کی موجودگی میں اپنی عورت سے صحبت بالکل نہ کرے۔ تین دن کے اندر اندر اس کا چوتھے روز کا بخار اتر جائے گا اور وہ شخص صحت مند و تندرست ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

بلغم کا روحانی علاج وعمل:

اگر کسی شخص کو ہر وقت بلغم یا صفرا کی شکایت ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتی ہو تو ایسے شخص کو چاہئے کہ وہ ذیل کا روحانی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شفا حاصل ہوگی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ نمک کی سات چھوٹی کنکریاں لے کر باوضو ہر ایک کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ سورہ مُلک اور چہار قل سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ہر روز نہار منہ علی الصبح ایک کنکری نمک منہ میں رکھ کر چوس لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر اندر بلغم بالکل ختم ہو جائے گی اور دوبارہ بھی شکایت نہ ہوگی۔ دائمی شکایت کے لئے یہ عمل تین مہینے تک دہرانے سے تاحیات مرض دوبارہ نہیں

ابھرے گا۔

برائے دفعیہ سحر (جادو) وغیرہ:

اگر کسی شخص پر کسی نے جادو کر دیا ہو جس کی وجہ سے اس کی حالت درست نہ رہتی ہو اور اس کو تکالیف اور پریشانی کا سامنا ہو تو اس کے لئے ذیل کا روحانی عمل بڑا ہی نافع اور مفید ہو گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے چاہئے کہ باوضو حالت میں نقش سورہ فلق مشک و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھیں اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) کے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم جادو کا اثر زائل ہو جائے گا اور پروردگارِ عالم اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ نقشِ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

قل اعوذ	برب الفلق	من شر ما خلق	ومن شر
غاسق	اذا وقب	ومن	شر
النَّفّٰثٰتِ	فی	العقد	ومن
شر	حاسدٍ	اذا	حسد

حفاظت ایمان کے لئے روحانی عمل:

اگر کوئی شخص ایمان کی سلامتی اور حفاظت کا خواہش مند ہو تو اس کو پریشان ہونے کی بجائے ذیل کا عمل کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد برآئے گی۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورہ الکافرون پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اس کے علاوہ ذیل کا نقش مبارک عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ العزیز ایمان سلامت رہے گا اور پروردگارِ عالم اس کو اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۷ے	۱۰ے	۱۳ے	۰۰ے
۱۲ے	۱ے	۶ے	۱۱ے
۲ے	۱۵ے	۸ے	۵ے
۲۹ے	۴ے	۳ے	۱۴ے

علم کیمیا حاصل کرنے کے لئے روحانی عمل:

جو کوئی شخص علم کیمیا کے حصول کا خواہاں ہو اور اس معاملے میں خوب کوشش و جدوجہد کر رہا ہو اور ذوق و شوق کے ساتھ علم کی جستجو میں ہو تو اس چاہئے کہ وہ ذیل کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہو گی۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں ذیل کا نقش مبارک لکھ کر استعمال کرے۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۵	۲۱۳	۹	۴
۱۰	۳	٦	۲۱۲
۸	۲۱۵	۱۲	۱
۱۱	۲	۷	۲۱۱

نقش لکھنے کے بعد اپنے دائیں بازو پر باندھے اور پانچ یوم تک روزانہ باوضو حالت میں سات ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُؕ پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے تو پروردگار عالمِ غیب سے اس کو کیمیا کے بارے میں تعلیم دے گا۔ پانچ یوم کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کا معمول بنا لے۔

ہر قسم کی دنیاوی تکالیف کا روحانی عمل:

اگر کوئی شخص اس امر کا خواہش مند ہو کہ اس کو ہر دنیاوی تکالیف سے نجات ملے اور اس کو تا حیات کوئی تکلیف نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بہت ہی نافع اور مفید ہو گا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس شخص کو چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں شرف شمس میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر ذیل کے نقوش سامنے اور پشت پر بنائے۔ اور اس کاغذ پر سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف ایک سو بار اور سورہ قل شریف و معوذتین اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے اور اس کو موم جامہ کر کے گلے یا سیدھے بازو پر باندھے۔ نقش پہننے سے قبل وہ اکیس روپیہ فقراء میں بطور خیرات تقسیم کر دے۔ نقش یہ ہے۔ سامنے کی طرف:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم

۲۳۳۲	۲۳۶۴	۲۳۴۳	۲۳۴۵
۲۳۴۴	۲۳۳۹	۲۳۳۳	۲۳۴۵
۲۳۳۸	۲۳۴۱	۳۴۵۸	۲۳۳۴
۲۳۴۷	۲۳۳۵	۲۳۳۷	۲۳۴۲

پشت کی طرف:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۳۵۴۰	۳۵۴۳	۳۵۴۶	۳۵۳۳
۳۵۴۵	۳۵۳۴	۳۵۳۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۹	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

ہر کام میں برکت کے لئے روحانی عمل:

اگر کوئی شخص اس امر کا خواہش مند ہو کہ اس کے ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے برکت پیدا ہو جائے اور کوئی بھی کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بہت ہی نافع اور مفید ہوگا۔

طریقۂ عمل:

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اس شخص کو چاہئے کہ وہ جمعرات کو روزہ رکھے۔ ذکر و فکر زیادہ کرے۔ درود پاک کثرت سے ادا کرے۔ پھر بوقت مشتری اور طالع جوزا دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک مرتبہ، آیت الکرسی اور سورہ اخلاص سو مرتبہ پڑھ کر سلام سے فارغ ہو کر اول و آخر درود پاک تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ فاتحہ اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں دعا مانگے اور پھر ذیل کا نقش کسی تانبے کی چوکور تختی پر کندہ کرے اور اس پر سورہ فاتحہ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر جمعرات کو معینہ وقت پر اس پر سورہ فاتحہ

اکیس مرتبہ پڑھا کرے اور اس کی دھونی بھی دیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے دینی و دنیاوی کام اللہ عزوجل آسان فرما دے گا اور نیک اعمال کی توفیق اس کو ملے گی۔ نقش یہ ہے۔ سامنے کی طرف:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

د	ید	یہ	ا
ط	ڈ	د	یب
ہ	ط	ی	ج
یو	ب	ج	بیح

پشت کی طرف:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۲	۱۵	۱۴	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۷۳	۳	۲

روحانی عمل برائے حُب:

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو اور اس کو بلا وجہ تنگ کرتی ہو اور کسی بھی طرح اپنی روش سے باز نہ آتی ہو یا اگر روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور واپس نہ آتی ہو اور ہر معاملے میں اپنی بات منوانے کی ضد کرتی ہو جبکہ خاوند یہ چاہتا ہو کہ بیوی کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے اور وہ راہِ

راست پر آ جائے تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بڑا نافع اور مفید ہوگا۔

طریقہ عمل:

اس مقصد کے لئے اس کو چاہئے کہ وہ ذیل میں دیئے ہوئے نقوش صبح کے وقت سات اور آٹھ بجے کے درمیان با وضو ہو کر لکھے اور نقش نمبر ایک چاندی کے لاکٹ میں بند کر کے اپنے گلے میں ڈال لے جبکہ دوسرے نقش کو دھاگے میں لپیٹ کر انار کے درخت کی ٹہنی سے باندھ دے تا کہ ہوا میں ہلتا رہے۔ نقش نمبر ا:

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الرحیم	الرحمٰن	اللّٰہ	بسم
بسم	اللّٰہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللّٰہ
اللّٰہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

نقش نمبر ۲

اَحَدُ ط	اللّٰہُ	ھُوَ	قُل
یَلِدْ	لَمْ	الصَمَد	اللّٰہ
وَلَمْ	یُو	لَد	وَلَم
اَحَد	کُفُواً	لَہٗ	یَکُنْ

پیارے پڑھنے والے!

اللہ تعالی آپ کو دین و دنیا کی کامیابیوں سے نوازے۔ دعائے خیر میں ناچیز حکیم قاضی ایم اے خالد کو بھی یاد رکھنے کی درخواست ہے۔

www.facebook.com/hakimkhalid